# 2

Urdu

# موم بتی
## آگ سے حفاظت

محکمہ اطفائیہ، نیو یارک شہر
## آگ سے بچنے کی تعلیم

Bill de Blasio, Mayor
Daniel A. Nigro, Commissioner

موم بتیوں سے آگ لگنے کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پچھلے دس سال میں جہاں آگ لگنے کی وجوہات میں کمی واقع ہوئی ہے، موم بتیوں سے آگ لگنے کی تعداد تین گنا ہوگئی ہے۔

**موم بتیوں سے لگنے والی اس آگ سے بچا جا سکتا تھا!**

ایک چھوٹا سا شعلہ اتنا خطرناک کیسے بن جاتا ہے؟

موم بتیوں سے 33 % سے زیادہ آگ لگنے کے واقعات موم بتیوں کو بلا نگرانی جلانے یا جلتے چھوڑ کر جانے سے واقع ہو گئے۔ کوئی 25 % واقعات شعلوں کے قریب کوئی آتش گیر شے جیسے پردے یا کاغذ ہونے کی وجہ سے واقع ہوئے۔ موم بتیوں کی آگ سے جلنے والے گھروں میں مرنے والوں کی نصف تعداد 20 سال سے کم عمر کی تھی، ان میں اکثر 5 سے 9 سال کی عمر کے تھے۔

**بلا نگرانی موم بتیاں = آگ کا خطرہ**

## موم بتی سے تحفظ کی تقابلی فہرست

### اگر آپ سجاوٹ یا رسوم کے مقصد سے موم بتیاں جلائیں تو اپنے گھروں کو محفوظ بنائیں:

- ✓ شعلوں سے محفوظ شیڈ یا گلوب والی موم بتی استعمال کریں۔
- ✓ مضبوط دھات، شیشہ یا مٹی کا بنا شمعدان استعمال کریں۔
- ✓ آتش گیر زیبائشی مواد والی موم بتیاں استعمال نہ کریں۔
- ✓ موم بتیوں کو پردوں، زیبائشی پردوں، آرائشی ساماں، چلمنوں اور بستر سے کم سے کم 4 فٹ دور رکھیں۔
- ✓ موم بتیوں کو بچوں اور پالتو جانوروں کی پہنچ سے دور رکھیں۔
- ✓ آرائشی/پھولوں والے موم بتیوں کے حلقے استعمال نہ کریں
- ✓ کمرے سے نکلنے سے پہلے موم بتیاں بجھادیں۔
- ✓ جب موم بتی کا شعلہ شمعدان سے دو انچ کی دوری تک پہنچ جائے تو اس کر بجھادیں۔
- ✓ جلتی ہوئی موم بتی کو بلا نگرانی ہرگز نہ چھوڑیں۔

**موم بتیاں ہمیشہ بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں اور نوبالغوں کو سونے کے کمروں میں موم بتیاں نہ رکھنے دیں۔**

*ہنگامی حالات میں اپنے گھروں کو روشن کرنے کے لیے موم بتیاں استعمال نہ کریں۔*

**موم بتیوں کا آگ سے مرنے والوں میں ایک تہائی نے انہیں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے روشنی کے لیے جلایا تھا۔**

- گھر میں فلیش لائٹیں اور بیٹریاں موجود رکھ کر ہمیشہ تیار رہیں۔
- باورچی خانہ اور باتھ روم میں فلیش لائٹیں موجود رکھیں۔
- آپ کو ہمیشہ ایک فلیش لائٹ اپنی گاڑی میں، اور ایک چھوٹی لائٹ اپنے پاس رکھنی چاہیے۔

دھوئیں کے ڈیٹیکٹر جانیں بچاتے ہیں | دھوئیں کے ڈیٹیکٹر جانیں بچاتے ہیں | دھوئیں کے ڈیٹیکٹر جانیں بچاتے ہیں | دھوئیں کے ڈیٹیکٹر جانیں بچاتے ہیں


FIRE DEPARTMENT
CITY OF NEW YORK
9 MetroTech Center
Brooklyn, New York 11201-3857

Issued By
FDNY FIRE SAFETY EDUCATION UNIT &
FDNY OFFICE OF PUBLIC INFORMATION
www.nyc.gov/fdny
www.fdnyfoundation.org